بحکمِ خدا غُل مچا کوئی نی سکبدا

شریعت، طریقت، حقیقت دے قصے
سوا معرفت دے ڈسا کوئی نی سکبدا

ہ علی شیر حق پیر مشکلکشا دے
سوا جامِ کوثر پلا کوئی نی سکبدا

سوا چار یاریں نبی مصطفےٰ دے
خلافت کوں ہرگز چھکا کوئی نی سکبدا

حقیقت محمد دا لا حل معما
نہ حل تھیا اینکوں حل کرا کوئی نی سکبدا

اساں نت محمد دیاں نعتاں بٹھیوں
اساں وانگ نعتاں بٹا کوئی نی سکبدا

جے ہرڈیوو آوَ اتھاں سر لڑویندے
سوا سر ڈتے ہتھ اڑا کوئی نی سکبدا

ز آغاز و انجام پاک است یارم
زبان ڈلدی ہے حق الا کوئی نی سکبدا

Free Image Hosting at www.ImageShack.us

گیا۔ کہ اگر کسی وقت انہوں نے تیرے لئے بددعا کر دی تو تُو ہلاک ہو جائے گا۔ اس لئے بہتر ہے
ان کو شہید کرا دیا جاوے چنانچہ ایک منافق نے حیلہ سے قتل کرنے کا وعدہ کیا۔
اس کا نام ططیانوس تھا۔ اس نے ایک بار موقعہ پا کر حضرت کے دولت خانہ قیام میں جا کر قتل
کا ارادہ کیا، مگر دیکھا کہ یہ آپ براستہ چھت آسمان پر تشریف لے گئے۔ اور یہ دیکھتا رہ گیا۔ واپس آیا تو
اس کی شکل حضرت مسیح کے مشابہ تھی اس کو سولی دی گئی (دیکھو روح البیان) حضور کی یہ صفت خاص
ہے کہ آپ کی ہم شکل کوئی نہیں بن سکتا۔ ورنہ لوگ حضرت سلمان علیہ السلام اور حضرت مسیح علیہ السلام
کی ہم شکل بن گئے۔ البتہ شیطان اپنی آواز حضور کی آواز سے مشابہ کر سکتا ہے۔ جیسا کہ سورۂ والنجم
شیطان نے حضور کی طرح پڑھ دی۔ جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓی اَلْقَی الشَّیْطٰنُ فِیْٓ
اُمْنِیَّتِہٖ (عام تفاسیر)۔

(۲) جن انبیائے کرام کے ولادت وغیرہ میں کچھ عجیب امور تھے، ان کے قصے قرآن نے بیان فرما دیئے
جیسے حضرت ابراہیم و حضرت موسیٰ و عیسےٰ علیہم السلام۔ نیز ان واقعات کو مخالفین نے تو بری طرح اور
معتقدین نے بڑھا چڑھا کر بیان کرنا شروع کیا۔ اور جس سے غلط نتیجے لئے گئے۔ جیسے یہود نے معاذ اللہ
حضرت بتول مریم کو تہمت زنا لگائی، اور نصرانیوں نے ان کو خدا کی بیوی قرار دیا، تو ضروری تھا۔ کہ ان کے
اصل واقعات بغیر افراط و تفریط بیان کئے جاویں۔ تاکہ غلط فہمی دور ہو غلط فہمی دور کرنا۔ اور لوگوں کو سیدھے
راہ پر لگانا اسلام کا کام ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیدائش پاک اور رضاعت بلکہ خود حضرت
آمنہ خاتون کے نکاح میں بہت عجائب و غرائب ہیں۔ اگر حضرت مسیح نے بچپن میں کلام فرمایا، تو حضور
علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پیدا ہوتے ہی سجدہ کر کے فرمایا رَبِّ هَبْ لِیْ اُمَّتِیْ دردِ زہ کے وقت حضرت
مریم کی امداد حضرت جبریل نے کی تو اس وقت آمنہ خاتون کی خدمت کے لئے خود حضرت مریم اور حضرت
آسیہ اور حوران بہشتی حاضر ہوئیں کعبہ نے خانہ آمنہ کو سجدہ کیا حضور کی برکت سے حضرت حلیمہ کی بکری نے حلیمہ کو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مولوی احمد رضا خان کی حضور ﷺ کی شان میں بدترین توہین

قارئین کرام مولوی احمد رضا خان کی لکھی ہوئی ایک نعت درود سلام کے نام سے ''مصطفیٰ جانے رحمت پر لاکھوں سلام'' بریلویوں کی ہر مسجد میں جمعہ کی نماز کے بعد فرض کے درجہ میں گویا شمار کر کے پڑھی جاتی ہے اور گلے پھاڑ پھاڑ کر عشق رسول ﷺ کے نام پر اس نعت کو پڑھا جاتا ہے لیکن اس نعت میں جہاں حضور ﷺ کی ختم نبوت کا انکار کیا گیا ہے وہاں سرکار دو عالم ﷺ کی شان میں بدترین گستاخی کا بھی ارتکاب کیا گیا ہے چنانچہ اس میں ایک شعر ان الفاظ میں ہے

کثرت بعد قلت پہ اکثر درود　　　عزت بعد ذلت پہ لاکھوں سلام

﴿حدائق بخشش، حصہ دوم، ص ۲۹، مدینہ پبلشنگ کراچی﴾

العیاذ باللہ اس شعر میں مولوی احمد رضا خان کہتا ہے کہ آپ کو قلت کے بعد کثرت ملی یعنی پہلے صحابہ کرام کی تعداد کی صورت میں آپ کے ماننے والوں کی جماعت کم تھی پھر کثیر ہوگئی گویا ذلت کے بعد آپ کو عزت ملی استغفر اللہ۔۔ قارئین کرام غور فرمائیں کس قدر توہین پر یہ الفاظ مشتمل ہیں اور ستم ظریفی تو یہ کہ اس نعت کو ہر ہفتے پابندی سے پڑھا جاتا ہے گویا ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت حضور ﷺ کی گستاخی کو ان کی مدح سرائی کی منافقانہ چادر میں لپیٹ کر لوگوں کے ذہنوں میں اتار رہا ہے۔۔ ہائے افسوس اس قدر گستاخی کے بعد بھی یہ سنی اور مسلمان جو حضور ﷺ کے بارے میں یہ گستاخی کرے کہ آپ پہلے ذلیل تھے العیاذ باللہ ثم العیاذ باللہ پھر اللہ نے آپ کو عزت دی اس سے بڑی بکواس اور کیا ہوگی رضا خانیوں قرآن تو کہتا ہے کہ

وللہ العزۃ ولرسولہ وللمومنین ولکن المنافقین لا یعلمون ﴿المنافقون، ۶۳﴾

مراد یہ ہے کہ عزت تو تمام کی تمام اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور مومنین کیلئے ہے لیکن بریلوی جیسے منافقین جو اسلام کا لبادہ اوڑھ کر لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں وہ اس بات کو کیا جانیں۔ قرآن پاک میں آتا ہے کہ وللاخرۃ خیر لک من الاولی۔۔ مگر یہ منہ پھٹ تو کہتے ہیں کہ نہیں پہلے آپ ذلیل تھے العیاذ باللہ پھر اللہ نے آپ کو عزت دی۔۔ رضا خانیوں قیامت کے دن اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے سامنے کیا منہ دکھاؤ گے۔۔ خدارا کچھ تو اپنے ان بے لگام منہ کو لگام دو۔۔ ہائے آج لوگ باہر کے رشدی کو روتے ہیں۔۔ مگر گھر کے رشدی کو بھول جاتے ہیں۔۔ کوئی کافر یا غیر مسلم اس طرح کی حرکت کرے تو ایک طوفان کھڑا ہو جاتا ہے۔۔ مگر اندر کا کرے تو وہ سنی اور مسلمان کہلائے۔۔۔؟؟؟۔

اللہ پاک اس شیطانی فتنے سے ہر مومن مسلمان کو محفوظ رکھے آمین۔

خاکپائے اہلسنت والجماعت دیوبند حنفی سنی

www.ahlehaq.com

www.haqforum.com

إنّ من الشعر لحكمة وإنّ من البيان لسحرا

حضور پر نور اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت

مولانا احمد رضا خانصاحب بریلوی

قدس سرہٗ کے نعتیہ کلام، کا

حصہ دوم

حدائق بخشش

۱۳۲۵ھ

باھتمام

مدینہ پبلشنگ کمپنی

مشہور محل، میکلوڈ روڈ، کراچی

قیمت:

کنز ہر بیکس و بے نوا پر درود — حرز ہر رفتہ طاقت پہ لاکھوں سلام
پر تو اسم ذات احد پر درود — مقطع ہر سیادت پہ لاکھوں سلام
خلق کے دادرس سب کے فریاد رس — کہف روزِ مصیبت پہ لاکھوں سلام
مجھ سے بیکس کی دولت پہ لاکھوں درود — مجھ سے بے بس کی قوت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم دنیٰ ہو میں گم کن انا — شرحِ متنِ ہُویّت پہ لاکھوں سلام
انتہائے دوئی ابتدائے یکی — جمع تفریق و کثرت پہ لاکھوں سلام
کثرتِ بعد قلت پہ اکثر درود — عزّتِ بعد ذلّت پہ لاکھوں سلام
ربِ اعلیٰ کی نعمت پہ اعلیٰ درود — حق تعالیٰ کی مِنّت پہ لاکھوں سلام
ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود — ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام
فرحتِ جان مومن پہ بے حد درود — غیظِ قلبِ ضلالت پہ لاکھوں سلام
سببِ ہر سبب منتہائے طلب — علت جملہ علت پہ لاکھوں سلام
مصدر مظہریت پہ اظہر درود — مظہر مصدریت پہ لاکھوں سلام
جس کے جلوے سے مرجھائی کلیاں کھلیں — اُس گل پاک مَنبُت پہ لاکھوں سلام
قدِ بے سایہ کے سایۂ مرحمت — ظلّ ممدود رافت پہ لاکھوں سلام
طائران قدس جس کی ہیں قمریاں — اُس سہی سروِ قامت پہ لاکھوں سلام
وصف جس کا ہے آئینہ حق نما — اُس خدا ساز طلعت پہ لاکھوں سلام
جس کے آگے سرِ سروراں خم رہیں — اُس سرِتاج رفعت پہ لاکھوں سلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بریلوی گستاخان رسول ﷺ ہیں۔۔مزید ثبوت

قارئین کرام جیسا کہ آپ حضرات نے ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ فقیر نے پچھلے کافی عرصے سے ایک سلسلہ شروع کیا ہے جس میں بریلوی مذہب کے اکابرین کی ان عبارات کو پیش کیا جارہا ہے جس میں انھوں حضور ﷺ کی توہین کی ہے۔اس سلسلے میں مزید حوالہ جات حاضر ہیں۔

حضور ﷺ پر الٹی چالیں چلنے کا الزام (معاذ اللہ)

بریلوی پیر یار محمد فریدی نے حضور ﷺ پر الٹی چالیں چلنے کا سنگین اور توہین آمیز الزام لگایا چنانچہ ملاحظہ ہو:

اتھاں خود عبد سڈویندے — اتھاں حق نال مل ویندے
دماغیں کوں چکر ڈیندے — ہے الٹی چال کیا پچھدیں

﴿دیوان محمدی ص ۲۸۰﴾

قارئین بریلوی اس شعر میں یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ رسول پاک ﷺ دنیا میں تو خود کو عبد کہتے تھے مگر معراج کی رات خود اللہ تعالی کے پاس بیٹھ گئے آپ ﷺ معاذ اللہ دماغوں کو چکر دیتے ہیں اس الٹی چال کے بارے میں تم کیا پوچھتے ہو۔حالانکہ قرآن تو کہتا ہے کہ انک لمن المرسلین علی صراط مستقیم بے شک آپ رسولوں میں سے ہیں اور سیدھے رستے پر ہیں۔بریلویوں کو آخر کب شرم آئے گی اور کب وہ عشق رسول ﷺ کے نام پر اسی طرح کی توہین کرتے پھریں گے کیا ان کے دل سے مرنے کا خوف نکل چکا ہے۔۔۔؟؟؟

حضور ﷺ عبودیت کے درمیان بھی نہیں پہنچے تھے (معاذ اللہ)

ایک بریلوی ملاں، گستاخ اس طرح اپنے بدبودار قلم سے حضور ﷺ کی شان میں گستاخی کرتا ہے:

حضرت عین القصنات ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد تھے۔۔۔ایک روز شیخ نماز پڑھنے کیلئے کھڑے ہوئے نیت باندھنے کے وقت آپ نے فرمایا کافر شدم زنار بر خود بستم اللہ اللہ اکبر۔جب نماز سے فارغ ہوئے تو اپنے آپ ہی سے کہا کہ اے محمد ﷺ ابھی تو تو عبودیت کے درمیان بھی نہیں پہنچا اور پردہ نور سیاہ میں کہ قہر تاء الاغو ینم اجمعین (اگر بریلوی حضرات بتادیں کہ یہ کون سے ملک کی عربی یا کونسی زبان ہے۔۔؟؟ تو بڑی مہربانی ہوگی۔۔از ناقل) ہے ابھی تجھ کو جگہ نہیں ملی ہے تسلی رکھ کوئی وقت ہوگا تجھ کو اس پردہ پر بھی جگہ دیدیں گے۔﴿جامع شرح قانون عشق ص ۱۷۷﴾

قارئین کرام ان عبارات میں حضور ﷺ کی کس قدر بدترین توہین کی گئی ہے میں اس پر کسی تبصرے کی ہمت نہیں رکھتا آپ حضرات خود ہی کوئی

فیصلہ کرلیں ۔

حضور ﷺ قرآن میں اپنی طرف سے حلال وحرام فرماتے تھے اور جس طرح چاہیں قرآن کے احکام بدل دیتے تھے (العیاذ باللہ)

بریلوی فرقے کے حکیم الامت مفتی احمد یار خان گجراتی صاحب لکھتے ہیں کہ:

حضور ﷺ احکام کے مالک ہیں جس کیلئے جو چاہیں حلال فرمائیں حرام اور جس کیلئے جو چاہیں قرآنی احکام کو بدل دیں ۔

﴿سلطنت مصطفیٰ ص ۲۷﴾

استغفر اللہ ثم استغفر اللہ قارئین کرام غور فرمائیں کہ حضور ﷺ پر کس قدر سنگین الزام ہے کہ آپ ﷺ اپنی مرضی سے قرآنی احکام کو بدل دیتے تھے اور جس کیلئے جو چاہے حلال کر دیتے تھے اور جو چاہے حرام کر دیتے تھے ۔ ۔ کیا اللہ تعالیٰ اور حضور ﷺ ایک دوسرے کے مدمقابل تھے کہ اللہ ایک چیز کو حلال قرار دیتے تھے اور حضور ﷺ اس کو حرام ۔ ۔ ؟؟؟ ۔ کیا یہ کفار کے اس عقیدے کی توثیق نہیں ۔ کہ محمد ﷺ نے یہ قرآن اپنی طرف سے بنالیا ہے ۔ ۔ کیا حضور ﷺ پر جو وحی کی جاتی تھی اس میں آپ ﷺ ردوبدل کرلیا کرتے تھے معاذ اللہ ثم معاذ اللہ ۔ ۔ ۔ ہے آخر اس گستاخی کی کوئی حد ۔ ۔ ؟؟ ۔

حضور ﷺ نے اپنی ازواج مطہرات کی رضا کیلئے اللہ کے حلال کئے ہوئے کو حرام کیا (العیاذ باللہ)

حدیث کی کتابوں میں یہ واقعہ مشہور ہے کہ آپ ﷺ ایک بات ایک زوجہ مبارکہ کے گھر سے شہد کھا کر آئے تو حضرت عائشہ ؓ اور دوسری ازواج محترمہ ؓ نے آپ ﷺ سے یہ فرمایا کہ آپ ﷺ کے منہ سے مغافیر کی بو آرہی ہے جس پر آپ ﷺ کو ناگواری ہوئی اور آپ ﷺ نے قسم کھالی کہ آیندہ شہد نہیں کھائیں گے جس پر اللہ تعالیٰ نے قرآن کی آیات نازل فرمائی اور آپ ﷺ کو اس چیز سے منع فرمایا کہ آپ ﷺ رب کے حلال کئے ہوئے کو کیوں حرام قرار دیتے ہیں ۔ تفصیل بڑی کتب میں ملاحظہ فرمائیں ۔ یہ حضور ﷺ سے حاضر وناظر اور علم غیب کی نفی پر نص قطعی ہے اس کا جواب دیتے ہوئے مفتی صاحب فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کو اس کی خبر تھی کہ اصل واقعہ کیا ہوا مگر اپنے ازواج کی رضا کیلئے آپ ﷺ نے اپنے اوپر اس کو حرام قرار دے دیا اصل عبارت ملاحظہ ہو:

اے حبیب حرام فرمانا آپ کی بے خبری سے نہیں بلکہ ان معترض ازواج کی رضا کیلئے ہے ۔ ﴿جاء الباطل ص ۱۳۸﴾

اول تو مفتی صاحب یہ فرمائیں کہ یہ ترجمہ جو آپ نے کیا ہے یہ کس آیت کا ترجمہ ہے ۔ ۔ ؟؟ اور یہ دن دہاڑے قرآن کی کیسی کھلی ہوئی معنوی تحریف ہے ۔ العیاذ باللہ ۔ گویا اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ ﷺ کو علم تو تھا واقعی اس تحریم سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں اور مجھ پر وہ تنبیہ بھی نازل فرمائے گا مگر چونکہ معترض ازواج کو راضی کرنا تھا لہٰذا میں عمداً اس حرام چیز کو حلال کرتا ہوں ۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ ۔ کیا واقعی مفتی صاحب اور ان کی جماعت کا یہی عقیدہ ہے کہ آنحضرت ﷺ معاذ اللہ عمداً خدا تعالیٰ کی نافرمانی کیا کرتے تھے اور حضرات ازواج کو راضی رکھا کرتے تھے ۔ ؟ ۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ ۔ یہ ہے فریق مخالف کے عشق ومحبت کی جھلک ۔

لڑکے بیٹھے ہیں تو آنحضرت ﷺ واپس چلے گئے۔ ﴿مقابیس المجالس ص ۳۹۲﴾

غور فرمائیں حضور ﷺ کی ذات بابرکت پر کس قدر سنگین حملہ ہے کہ حضور ﷺ ناچ گانے اور راج باجے کی محفل میں شرکت کیلئے آئے اور قوالیاں سننے کیلئے آئے تھے۔۔معاذ اللہ۔۔ثم معاذ اللہ۔۔اور پھر ان کی عقلوں کو دیکھیں ایک طرف تو کہتے ہیں کہ حضور ﷺ ہر جگہ حاضر وناظر ہیں ذرے ذرے کا علم رکھتے ہیں دوسری طرف محفل میں شریک ہونے کیلئے بھی آرہے ہیں۔۔اور یہ بھی معلوم نہیں کہ جس محفل میں آرہے ہیں اس میں بے ریش بچے ہونگے جب پہنچے تو معلوم ہوا۔۔۔بریلویوں اب کہو کہ یا تو یہ واقعہ بالکل جھوٹ اور من گھڑت ہے اور حقیقت بھی یہی ہے یا تسلیم کرو کہ حضور ﷺ نہ حاضر وناظر ہیں اور نہ ہی عالم الغیب ہیں۔

کیا خوب کہ غیر پردہ کھولے
جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے

حضور ﷺ کے مقابلے میں شیخ عبد القادر جیلانیؒ کی فضیلتیں

صوفی جمیل الرحمٰن بریلوی کا ایک دیوان ''قبالۂ بخشش'' بریلویوں میں بہت معروف ہے۔اس کا ایک جدید ایڈیشن بھی لاہور سے شائع ہوا ہے اس میں صوفی صاحب لکھتے ہیں کہ:

حسین وحسن کی آنکھوں کا تارا — وہ خاتم ہیں اور تو نگیں غوث اعظم
ہیں سورج اگر مصطفیٰ چاند ہے تو — ہیں جلوے تیرے چار سو غوث اعظم

﴿قبالۂ بخشش، ص ۴۵، باہتمام شاہ تراب الحق قادری﴾

قارئین کرام اس میں اول تو بریلویوں کی ذہنی پستی ملاحظہ فرمائیں کہ حضرت شاہ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی فضیلتیں بیان کرنے کیلئے حضور ﷺ کو ان کے مقابلے میں لایا جارہا ہے۔۔ظالمو!!! آخر یہ کونسا عشق ہے۔۔؟؟ تمام امت کا یہ ایمان ہے کہ اللہ کا بڑے سے بڑا ولی بھی ایک ادنیٰ صحابی کے درجے کو نہیں پہنچ سکتا بلکہ ان کے پاؤں کی دھول کے برابر نہیں۔۔مگر بریلوی ٹٹ پونجوؤں اور قبر فروشوں کو دیکھیں کہ حضور ﷺ کا مقابلہ شیخ صاحبؒ سے کررہے ہیں کہ اگر حضور ﷺ ایسے ہیں تو کیا ہوا ہمارے غوث اعظم بھی تو ایسے ہیں معاذ اللہ۔پھر ان کی بدبختی ملاحظہ ہو کہ پہلے شعر میں حضور ﷺ کا خاتم یعنی انگوٹھی کہا جارہا ہے اور حضرت شیخ علیہ الرحمۃ کو نگینہ یاد رہے کہ یہاں خاتم ختم کرنے والے کے معنی میں نہیں ہے بلکہ انگوٹھی کے معنی میں ہے جس پر قرینہ خود مصنف کا لفظ ''نگینہ'' ہے جو انگوٹھی میں لگتا ہے۔اب غور کا مقام ہے۔۔کہ انگوٹھی میں اصل خوبصورتی اور اس کا مرکز ہی نگینہ ہوتا ہے۔یعنی جس طرح نگینے کے بغیر انگوٹھی کی کوئی وقعت اور خوبصورتی نہیں اسی طرح شیخ المشائخ کے بغیر بھی حضور ﷺ کی کوئی فضیلت اور خوبصورتی نہیں۔۔معاذ اللہ ثم معاذ اللہ۔

ان تمام عبارات کے متعلق قارئین کرام اب آپ خود فیصلہ فرمائیں کہ اصل گستاخان رسول ﷺ کون ہیں۔۔۔؟؟

انصاف۔۔۔انصاف۔۔انصاف

Free Image Hosting at www.ImageShack.us

سلطنتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
در
مملکتِ کبریا جل علا
حکیم الامت شیخ التفسیر مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ
ناشر
ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جاء الحق
حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی
نعیمی کتب خانہ گجرات
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور

ضبط بھی دیتا ہے کہ دیکھتے ہیں مگر بے مرضی الٰہی راز فاش نہیں کرتے ہیں اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ہماری یہ تقریر اگر خیال میں رہی تو بہت مفید ہوگی۔ انشاءاللہ۔

اعتراض (۸) حدیث شریف میں ہے کہ حضور علیہ السلام نے بعض ازواج کے گھر شہد ملاحظہ فرمایا اس پر حضرت عائشہ نے عرض کیا کہ یا حبیب اللہ آپ کے دہن پاک سے مغافیر کی بو آرہی ہے۔ تو فرمایا کہ ہم نے مغافیر نہیں استعمال فرمایا۔ شہد پیا ہے۔ پھر حضور نے اپنے پر شہد حرام کر لیا۔ جس پر یہ آیت اتری لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ معلوم ہوا کہ اپنے دہن پاک کی بو کا بھی علم نہ تھا کہ اس سے بو آرہی ہے یا نہیں۔

جواب:۔ اس کا جواب اسی آیت میں ہے۔ تَبْتَغِىْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ اے حبیب یہ حرام فرمانا آپ کی بے خبری سے نہیں بلکہ ان معترض ازواج کی رضا کے لیئے ہے نیز اپنے منہ کی بو عیب نہیں محسوس چیز ہے ہر صحیح الدماغ محسوس کر لیتا ہے کیا دیوبندی انبیاء کے حواس کو بھی ناقص ماننے لگے ان کے حواس کی قوت کو مولانا نے بیان فرمایا ؎

نطق آب و نطق خاک و نطق گِل ٭ ہست محسوس از حواسِ اہل دل

فلسفی کو منکر حنانہ است ٭ از حواسِ اولیاء بیگانہ است!

اعتراض (۹) اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب تھا تو خیبر میں زہر آلود گوشت کیوں کھا لیا۔ اگر جانتے ہوئے کھایا تو یہ خودکشی کی کوشش ہے۔ جس سے نبی معصوم ہیں۔

جواب:۔ اس وقت حضور علیہ السلام کو یہ بھی علم تھا کہ اس میں زہر ہے اور یہ بھی خبر تھی کہ زہر ہم پر بحکم الٰہی اثر نہ کرے گا۔ اور یہ بھی خبر تھی کہ رب تعالےٰ کی مرضی یہ ہی تھی کہ ہم اسے کھا لیں تاکہ بوقت وفات اس کا اثر لوٹے اور ہم کو شہادت کی وفات عطا فرمائی جاوے راضی برضا تھے۔

اعتراض (۱۰) اگر حضور علیہ السلام کو علم غیب تھا تو بیر معونہ کے منافقین دھوکے سے آپ سے ستر صحابہ کرام کیوں لے گئے جنہیں وہاں لے جا کر شہید کر دیا۔ اس آفت میں انہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیوں پھنسایا۔

جواب:۔ جی ہاں حضور علیہ السلام کو یہ بھی خبر تھی کہ بیر معونہ والے منافقین ہیں اور یہ بھی خبر تھی کہ یہ لوگ ان ستر صحابہ کو شہید کر دیں گے۔ مگر ساتھ ہی یہ بھی خبر تھی کہ مرضی الٰہی یہ ہی ہے اور ان ستر کی شہادت

تلك الرائحة الطيبة انحلت نياته و
عزماته الصيبة فالكل فى بحر عجزه و
نقصه غارق فلم يدركه منا سابق
ولا لاحق وكيف يدرك من كان خلقه
القرآن وذاته من نور ذات الرحمٰن
ومن له كل مراتب الاحسان وهو
الحبيب الاكرم والمخصوص بالتجلى
الاعظم، ومن هنا قال بعض العارفين
رحمهم الله اجمعين - لو انكشفت
حقيقته صلى الله عليه وسلم للخلق لارتدوا
جميعا اذ من كانت صفاته صفات
الرحمٰن وذاته من نور ذات المنان
وهو مدرك بالحواس العيان لا يختلف
فى معبوديته اثنان ومن هنا اختلف
الناس فى الاديان لما ظهر لهم من
تجليه فى الجمادات والحيوان ولكن
سبحان الله الحنان المنان الذى
حفظ من شاء من عباده بالدليل
والبرهان - وحجز من احب باليقين
والعيان فاذا كان الامر كذلك فليس
الى ادراكه صلى الله عليه وسلم من
سبيل - بل ولا الى شم رائحة حقيقة
السيد النبيل ولكن غاية التحقيق

اور جب پہنے ۲۱ پاکیزہ خوشبو کے
کی اس کے ارادات اور نیات
ہو گئے۔ تمام کے تمام اپنے عجز و نقص
غرق ہوتے ہیں۔ ہم سے کسی نے
ادراک نہ کیا نہ سابق نے نہ لاحق نے
کا ادراک کیسے ہو سکے جس کا خلق
جس کی ذات، ذاتِ رحمٰن کے نور
جن کے لئے احسان کے کُل مرتبے
تو آپ حبیب اکرم ہیں اور تجلّی اعظم
ہیں اسی لئے تو بعض عارفوں نے
سب پہ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔" اگر
الصّلوٰۃ والسّلام کی حقیقت کھل جائے
مرتد ہو جائیں گے۔ اس لئے کہ جن کی
صفتیں ہوں اور جن کی ذات اللہ
نور سے ہو۔ اور وُہ حواس اور معا
ہو ان کی معبودیت میں دو شخص
نہیں کریں گے۔ اسی وجہ سے لوگوں
میں اختلاف کیا جب کہ ان کے لئے
تجلّی سے کچھ جمادات اور حیوانات
ہوا لیکن اللہ حنّان منّان کے لئے
جس نے اپنے بندوں میں سے جس
دلیل اور برہان سے محفوظ رکھا۔ اور
پیار کیا اسے یقین اور مشاہدہ کے

(۵۰) اربعون حدیثاً فی احکام الدین (عربی) احکام دین پر جامع احادیث کا بہترین انتخاب۔ بہت جلد منظر عام پر آ رہی ہے۔

(۵۱) اربعون حدیثاً شرح الصدور فی الصلوٰۃ والسلام علی سید یوم النشور علیہ صلوٰۃ اللہ وسلام الغفور (عربی)

(۵۲) اربعون حدیثاً تنویر القلوب فی الصلوٰۃ والسلام علی الحبیب المحبوب (عربی)

(۵۳) اربعون حدیثاً سرور القلب المحزون فی عالم ماکان ومایکون (عربی)

(۵۴) مقام ولی۔ قرآن واحادیث کی روشنی میں ولایت کا مرتبہ ومقام

(۵۵) فضائل صلوٰۃ وسلام ۸۰ احادیث سے صلوٰۃ وسلام کی فضیلت وبرکت

(۵۶) ترجمہ تفسیر خازن

(۵۷) ترجمہ اربعین الربعین سلیس اردو زبان میں

(۴۶ تا ۵۴ تک کی کتب آپ نے حرم مکہ مکرمہ میں اسی سال ۱۹۹۸ء کی حاضری میں تالیف فرمائیں)

آپ کی زیارت ودعا پر نجات

ایک پاک باز متشرع آدمی نے مسجد میں بیان کیا کہ عالم رؤیا میں اکتوبر ۱۹۹۷ء میں میں نے علامہ فیضی صاحب مدظلہ العالی کو مدینہ منورہ حرم نبوی قدمین شریفین میں دیکھا کہ آپ دلائل الخیرات پڑھ رہے ہیں اور سرکار مدینہ ﷺ مواجہ شریف سے آ رہے ہیں اور علامہ فیضی صاحب کی طرف سرکار نے اشارہ کر کے فرمایا کہ جس نے اس کی زیارت کی اس کی بخشش ہو گئی۔ اور جس نے اس کے حق میں دعا کی اس کی بھی بخشش ہو گئی۔ سبحان اللہ العظیم وبحمدہ! آپ واقعی منظور احمد ﷺ ہیں بارہا آپ کو اور آپ کے طفیل آپ کے غلاموں کو حضور ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے اور

۳

اشاراتِ فریدی

مقابیسُ المجالس

ملفوظات حضرت خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ علیہ کا مکمل و مستند مجموعہ

جمع و ترتیب

مولانا رُکن الدّین رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق و ترجمہ

مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری

الفیصل ناشران و تاجران کتب
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

مقبوس ۵۵:- بوقت عصر، روز دوشنبہ ۵ ربیع الثانی ۱۳۱۴ھ

آداب مجلس سماع ۴

ایک شخص عرض کر رہا تھا کہ فلاں جگہ ایک بزرگ کا عرس تھا میں مجلس سماع میں شامل ہوا لیکن مجلس میں بچے بہت تھے حضرت اقدس نے فرمایا کہ کتاب اقتباس الانوار میں لکھا ہے کہ شیخ سوندھاؒ جو بڑے بزرگ تھے کے وقت میں ایک دن مجلس سماع گرم تھی۔ شیخ سوندھا اور دوسرے سالکین اور صوفی لوگ موجود تھے۔ ان حضرات پر بڑی کیفیت طاری تھی اور ساری مجلس میں آہ وفغاں کے نعرے لگ رہے تھے۔ کچھ دیر کے بعد یہ سارا ذوق وشوق اور جوش وخروش بند ہوگیا اور معاملہ ٹھنڈا پڑ گیا۔ اس سے سب لوگ حیران ہوکر شیخ سوندھاؒ کی طرف متوجہ ہوئے۔ شیخ سوندھاؒ نے فرمایا کہ اس مجلس میں حضرت شیخ المشائخ خواجہ بزرگ خواجہ معین الدین اجمیریؒ اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار روشی کاکیؒ شامل تھے اور مجلس کا یہ ذوق وشوق ان حضرات کی صحبت کی برکت سے تھا اب حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مجلس میں شمولیت کی خاطر تشریف لائے تھے لیکن لیکن جب آپ نے دیکھا کہ مجلس میں بے ریش لڑکے بھی بیٹھے ہیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم واپس چلے گئے اور حضرت خواجہ بزرگ اور خواجہ قطب الاقطاب بھی آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے شرف صحبت کی خاطر اٹھ کر چلے گئے ہیں۔ اس وجہ سے معاملہ سرد پڑ گیا ہے۔

۵ اس کے بعد فرمایا کہ ایک دن کوٹ مٹھن شریف میں حضرت سلطان الاولیا رصاحب الروضہ (حضرت خواجہ قاضی محمد عاقل قدس سرہٗ) کے عرس کے موقعہ پر حضرت محبوب الٰہی قدس سرہٗ کی طبیعت ناساز تھی۔ آپ نے حضرت خواجہ فخر جہاںؓ کو فرمایا کہ آج مجلس میں آپ چلے جائیں۔ جب آپ مجلس میں داخل ہوئے تو ایک شخص پر وجد طاری ہوا اور اٹھ کر رقص کرنے لگا۔ اس حالت میں پہلے اس نے عمامہ (پگڑی) اتار کر قوالوں کو دی۔ اس کے بعد چادر اور چادر کے بعد کرتہ اور کرتہ کے بعد شلوار کی نوبت آئی تو اس نے شلوار

مجھے بھی بلا لو خدارا کہ میں بھی
گھسوں آستاں پر جبیں غوث اعظم

مرے قلب کا حال کیا پوچھتے ہو
یہ دل ہے مکاں اور مکیں غوث اعظم

جو اہلِ نظر ہیں وہی جانتے ہیں
کہ ہر دم ہیں سب سے قریں غوث اعظم

ہماری بھی للہ بگڑی بنا دو
غلاموں کے تم ہو معیں غوث اعظم

ہیں گھیرے ہوئے چار جانب سے دشمن
خدارا بچا میرا دیں غوث اعظم

چھپا لے مجھے اپنے دامن کے نیچے
کہ غم کی گھٹائیں اٹھیں غوث اعظم

وہ ہے کونسا اُن کے در کا بھکاری
مدد گار جس کے نہیں غوث اعظم

۵
حسین و حسن کی تو آنکھوں کا تارا
وہ خاتم ہیں اور تو نگیں غوث اعظم

حکومت تری نافذہ ہے کہ حق نے
تجھے دی ہے فتح مبیں غوث اعظم

تجھے سب نے جانا تجھے سب نے مانا
تری سب میں دھومیں مچیں غوث اعظم

تو وہ ہے ترے پاک تلوے کے آگے
کھچیں گردنیں جھک گئیں غوث اعظم

نہ تھے اولیا مطلقًا جس سے واقف
تجھے نعمتیں وہ ملیں غوث اعظم

تری ذات سے اے شریعت کے حامی
طریقت کی رمزیں کھلیں غوث اعظم

شریعت طریقت کے ہر سلسلے میں
ہیں تیری ہی نہریں بہیں غوث اعظم

سلاسل کی سب منزلوں میں ہے پھیلی
تری روشنی بالیقیں غوث اعظم

غم و رنج میں نام تیرا لیا جب
تو کلیاں دلوں کی کھلیں غوث اعظم

کرم گر کرو میرے مدفن میں آؤ
تو ہو قبر خلد بریں غوث اعظم

الٰہی ترا کلمۂ پاک مجھکو
سکھائیں دمِ واپسیں غوث اعظم

بسوئے جمیل از نگاہِ عنایت
ببیں غوث اعظم ببیں غوث اعظم

۷
ہے دل کو تری جستجو غوث اعظم
زباں پر تری گفتگو غوث اعظم

ترا ذکر گلشن میں بلبل کے لب پر
گلوں میں ترا رنگ و بو غوث اعظم

نظر میں کوئی خوبرو کیا سمائے
بسا میری آنکھوں میں تو غوث اعظم

۵
ہیں سورج اگر مصطفٰے چاند ہے تو
ہیں جلوے ترے چار سو غوث اعظم

لگا زخم تیغِ معاصی کا دل پر
تو رحمت سے کر دے رفو غوث اعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قارئین کرام جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ فقیر نے پچھلے کافی عرصہ سے ایک سلسلہ شروع کیا ہوا جس میں رضا خانی مذہب کی وہ عبارات پیش کی جارہی ہیں جن میں ان حضرات نے حضور ﷺ کی توہین کی اس سلسلے میں آج مزید تین حوالے ملاحظہ ہوں۔

حضور ﷺ رضا خانیوں کے نزدیک ''مرزے'' تھے (معاذ اللہ)

بریلویوں کے شیخ الاسلام شمس الدین بریلوی اپنے ملفوظات میں فرماتے ہیں کہ:

صورت مرزے یار دی ساری سورت نور

والشمس، والضحی، پڑھیا رب غفور

بندہ نے عرض کیا ''مرزا'' سے کیا مراد ہے؟ فرمایا رسول خدا۔ اور تینوں مذکورہ سورتیں آپ کی شان میں نازل ہوئیں۔

﴿مرآت العاشقین، ص۲۷۲﴾

معاذ اللہ غور فرمائیں کہ حضور ﷺ کو کس قدر توہین آمیز لہجے میں خطاب کیا جارہا ہے۔۔ساری دنیا جانتی ہے کہ برصغیر میں ''مرزا'' کا لقب کس کو دیا گیا ہے۔۔اور بے شرمی تو دیکھیں کہ مرزا بھی نہیں ''مرزے'' کہا جارہا ہے۔۔جو حقارت کیلئے بولا جاتا ہے۔۔کیا آج کوئی رضاخانی یہ اجازت دیگا کہ کسی کتاب میں کوئی ان کا مداح مولوی احمد رضا خان کو ''مرزائی'' یا ''رضاخانیہ'' لکھے۔۔مقام افسوس ہے کہ مولوی احمد رضا خان کا نام لکھتے ہوئے تو پورا صفحہ سیاہ ہوجائے آگے پیچھے اتنے القابات ہوں۔۔اور حضور ﷺ کو اس قسم کا خطاب۔۔؟؟؟۔

حضور ﷺ ''گوری'' تھے (معاذ اللہ)

ایک دفعہ تونسہ شریف میں حضرت صاحب کے مکان کے قریب ہی چند خانہ بدوش عورتیں گاری تھیں اور کچھ اس قسم کے الفاظ کہتی تھیں

گوری نوں ونگاں چڑھاوے یار

ایک عالم نے کہا ان عورتوں کو یا وہ گوئی سے شرم بھی نہیں آتی۔ خواجہ صاحب نے فرمایا۔ میں اس کے پاس بیٹھا ہوا تھا میں نے کہا یہ بے ہودہ نہیں بلکہ ایک قسم کا درود ہے اس نے کہا۔۔ یہ وہ کس طرح؟ میں نے کہا ''گوری'' سے مراد رسول خدا، ''ونگاں'' سے مراد رحمت خدا، یار سے مراد ذات باری تعالی۔ یعنی اے خدا رسول خدا پر درود بھیج۔ عالم نے متعجب ہو کر کہا یہ عجیب مفہوم ہے جو تم نے سمجھا ہے۔

﴿مرآت العاشقین، ص۲۶۹﴾

حضور ﷺ کی ذات نقائص وعیوب سے پاک نہیں (معاذ اللہ)

قارئین کرام مولوی نصیر الدین سیالوی اپنی کتاب میں حضور ﷺ کی ان الفاظ میں شدید توہین کرتا ہے کہ:

اللہ تعالی کی جناب والا اپنی شان صمدیت اور بے نیازی کے باعث اور مقام خالقیت اور مرتبہ ربوبیت کی وجہ سے چونکہ مخلوق کی عیب جوئی سے بالا تر ہے اور اس میں کمی اور نقص کا احتمال ہی نہیں برخلاف جناب نبوت مآب اور رسالت پناہ ﷺ کے۔

﴿عبارات اکابر کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ، ص۱۱﴾

معاذ اللہ قارئین کرام غور فرمائیں کہ اس عبارت کے آخری حصہ میں حضور ﷺ کی کس قدر شدید توہین کی گئی ہے کہ اللہ تعالی کی ذات تو بے نیاز ہے اس میں کوئی عیب لگ ہی نہیں سکتا مگر حضور ﷺ کی ذات اس طرح نہیں لہذا ان میں عیب بھی ہوسکتا ہے اور نقص بھی اسی وجہ سے اللہ تعالی نے حضور ﷺ کی

عزت وتوقیر کا بہت خیال فرمایا ہے ۔ استغفر اللہ ۔

اہل ایمان کا تو عقیدہ ہے کہ

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اس جہاں میں خدا تعالی کے بعد سب سے کامل و اکمل ذات اور تمام عیوب سے منزہ ذات محمد عربی ﷺ کی ہے مگر ان بدبختوں کے عقیدہ ملاحظہ ہو جو اندرون خانہ کس طرح حضور ﷺ کی گستاخیوں میں مصروف ہیں مگر ان ہی گستاخیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے الزام تراشیاں علمائے دیوبند پر کرتے ہیں ۔

شرم ۔۔۔ شرم ۔۔۔ شرم

(مزید حوالوں کیلئے انتظار فرمائیں)

خاکپائے اہلسنت والجماعت دیوبند